## سوال

(663) آخری قعدہ میں مقتدی کی صورت میں تورک کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نماز جماعت کی شکل میں آخری قعدہ میں مقتدی کی صورت میں تورک کرنا مشکل ہوتا ہے کیونکہ لوگ قریب قریب بیٹھے ہوتے ہیں۔ کیا یہ صرف امام کےلیے ہے؟ اگر مقتدی کےلیے بھی ضروری ہے تو کیسے عمل کیا جائے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز میں تَوَرُّک ہر مقتدی کو کرنا چاہیے۔ حدیث میں ہے: ' صَلُّوا كَمَا رَأَيْتُمُونِي أُصَلِّي ' صحیح البخاری، بَابُ الأَذَانِ لِلْمُسَافِرِ، إِذَا كَانُوا جَمَاعَةً، وَالإِقَامَةِ، وَكَذَلِكَ بِعَرَفَةَ وَجَمْعٍ...الخ، رقم: ٦٣١" مشکل اس وقت پیش آتی ہے، جب بعض اس کا اہتمام ترک کردیتے ہیں۔ سب کے التزام کی صورت میں دقت کا سامنا نہیں کرنا پڑتا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی]()

### کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 567

محدث فتویٰ